# پاکستان سکول عیسیٰ ٹاؤن مملکتِ بحرین

## آن لائن معاونت اور تعلمی مواد برائے تعلیمی سال 2020ء تا 2021ء

| | | |
|---|---|---|
| جماعت ہشتم | مضمون۔اردو لازمی | کتاب کا نام۔کنول |
| نظم کا نام: نعت | صفحہ نمبر ۴تا۶ | پہلی سہ ماہی |

## یونٹ نمبر:2



**نعت کی تعریف:** جس نظم میں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تعریف کی جائے نعت کہلاتی ہے۔

## مشق

**سوال نمبر 1 :** مشکل الفاظ کے معنی لکھیں۔

| الفاظ | معنی | الفاظ | معنی |
|---|---|---|---|
| تمنا | خواہش | نور اولین | پہلا نور |
| غایت | مقصد | اولیٰ | برتر۔ بہتر |

نوٹ: باقی الفاظ کے معنی لغت سے دیکھ کر لکھیں۔ صفحہ نمبر : 185

سوال نمبر 2 : تشریح کریں۔

1. سب کچھ تمہارے واسطے پیدا کیا گیا
سب غایتوں کی غایتِ اولیٰ تمہی تو ہو

تشریح: شاعر ظفر علی خاں اس شعر میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اپنی محبت اور عقیدت کا اظہار کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس کائنات کی وجہ تخلیق ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر اللہ تعالیٰ نے اپنے دین کو مکمل کیا اور قرآن پاک کے ذریعے ہماری رہنمائی فرمائی۔

2. دنیا میں رحمت دو جہاں اور کون ہے
جس کی نہیں نظیر وہ تنہا تُمہی تو ہو

تشریح: اس شعر میں شاعر ظفر علی خاں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے رتبے اور مرتبے کو بیان کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے پیارے حبیب حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو دونوں جہانوں کے لیے رحمت بنا کر بھیجا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی صداقت، شرافت، دیانت اور رحم دلی کی کوئی مثال نہیں ملتی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے دشمن بھی آپ کی ان خوبیوں کی تعریف کرتے تھے۔

## گھر کا کام

سوال نمبر 2 : کسی اور شاعر کا نعتیہ کلام تحریر کریں۔

---

سوال نمبر: 3 نعت کا خلاصہ لکھیں۔

# پاکستان سکول عیسیٰ ٹاؤن مملکتِ بحرین

## آن لائن معاونت اور تعلمی مواد برائے تعلیمی سال 2020ء تا 2021ء

| | | |
|---|---|---|
| جماعت ہشتم | مضمون۔اردو لازمی | کتاب کانام۔کنول |
| نظم کانام: نعت | صفحہ نمبر ۴ تا ۶ | پہلی سہ ماہی |

### سرگرمی نمبر1

**نعت کے ہم قافیہ الفاظ تحریر کیجیے۔**



# پاکستان سکول عیسیٰ ٹاؤن مملکتِ بحرین

## آن لائن معاونت اور تعلمی مواد برائے تعلیمی سال 2020ء تا 2021ء

| | | |
|---|---|---|
| جماعت ہشتم | مضمون۔اردو لازمی | کتاب کا نام۔کنول |
| نظم کا نام: نعت | صفحہ نمبر ۴تا۶ | پہلی سہ ماہی |

## سرگرمی نمبر 2

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پانچ صفاتی نام لکھیں۔

مرتب کردہ:

مس مریم ڈار